حج البیت تالیف: محمد شریف اشرف، سابق پروفیسر مدینہ یونیورسٹی - ناشر: ملک سنز، تاجران کتب، کارخانہ بازار، فیصل آباد - قیمت غالباً -/۴ روپے۔

مؤلف بہ سلسلۂ تدریس ۱۵ سال مدینہ منورہ میں مقیم رہے - حج کے طریقے، آداب، مناسک، شعائر اور دعاؤں کا بیان جیبی سائز کے اس کتابچے میں اس طرح کیا گیا ہے کہ یہ حج کی اچھی گائیڈ بک بن گئی ہے، مگر وہاں جن مسائل و مصائب کا حاجیوں کو سامنا ہوتا ہے اور جو حرکتیں یہ لوگ وہاں جا کر کرتے ہیں، ان کے متعلق تعلیم و تلقین کی ضرورت کچھ زیادہ ہے۔

خطوطِ مودودیؒ مرتبہ: ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی و پروفیسر سلیم منصور خالد۔

ناشر: البدر پبلی کیشنز - ۲۳ راحت مارکیٹ - اردو بازار، لاہور - قیمت -/۲۵ روپے

بہت اچھی کوشش ہے۔ مولینا کے خطوط کا یہ مجموعہ تحقیقی انداز پر مرتب کیا گیا ہے - ہر مکتوب اور مکتوب الیہ کے متعلق ضروری معلومات دی گئی ہیں - ضروری تعلیقات و حواشی کا اہتمام بھی کیا گیا ہے - ان خطوط میں اس وقت کی عام تاریخ اور تحریک اسلامی کی تاریخ کی جھلکیاں بھی ہیں - اور مولینا اور ان کے مکتوب الیہان کی شخصیت و سوانح کے انعکاس بھی -

اس وقت حصہ اول اچھی طباعت اور سفید کاغذ کے ساتھ ہمارے سامنے ہے، اور اب اگلے حصے کا انتظار ہم کریں گے۔

شرف المسلم تالیف: الدکتور محمد اسحٰق - مدینہ منورہ - ناشر: طابع: المطبعۃ العربیہ لاہور پاکستان - قیمت نامعلوم - ملنے کا پتہ درج نہیں - اگر مؤلف سے ملتی ہے تو ان کا پتہ ہے ص ب ۷۵۵۸، المدینۃ المنورہ - المملکۃ العربیہ السعودیہ -

اس کتاب میں بڑی جامع تحقیقی بحث کی گئی ہے کہ بروئے نصوص ڈاڑھی کو ملا نیا بت اور بلا مداخلت بڑھنے کے لیے چھوڑ دینا چاہیے - دوسرے تمام فقہی مسالک اور ائمہ کے فتووں کو بے وقعت ثابت کر دیا گیا ہے - اس معاملے میں آئندہ کسی پرچے میں مجھے بھی ایک